یومِ شہدائے مشرقی پاکستان پر

(۱۶ دسمبر ۲۰۰۳ء)

شاعر: محسنؔ علوی جدہ سعودی عرب

عجب تاریخ ہے سولہ دسمبر جب بھی آتا ہے
بہت ٹوٹے دلوں کو خون کے آنسو رلاتا ہے

وطن سے بے وفائی کے مناظر یاد آتے ہیں
وطن کو بیچنے والے وہ تاجر یاد آتے ہیں

کوئی ماں اپنی بیٹی کے لئے فریاد کرتی ہے
کہیں ماں باپ اپنے یاد پھر اولاد کرتی ہے

کہیں بھائی بہن کی آنکھ میں تصویر پھر تی ہے
محبت کی کہیں پھر سے کوئی دیوار گرتی ہے

نہ جانے کیسے کیسے ظلم کے منظر نظر آئے
ہلاکو اور چنگیزوں سے بھی بدتر نظر آئے

جو باقی بچ گئے وہ کیمپوں میں آج مرتے ہیں
وطن سے باوفائی کی سزا وہ اب بھی بھرتے ہیں